# رہنماء برائے اپرینٹس شِپس

Apprenticeships

## اپرینٹس شپ کیا ہے؟

اپرینٹس شپ ایک بامعاوضہ ملازمت ہے جس کے دوران ملازم سیکھتا ہے اور قیمتی تجربات حاصل کرتا ہے۔

ملازمت کے دوران تربیت کے ساتھ ساتھ، اپرینٹس شپ کرنے والا شخص اپنے کام کے اوقات کا کم از کم 20% حصہ کسی کالج، یونیورسٹی یا تربیت فراہم کنندہ کے ساتھ کلاس روم کی بنیاد پر سیکھنے کو مکمل کرنے میں لگاتا ہے، جس کی تکمیل پر قومی سطح پر تسلیم شدہ قابلیت حاصل ہو جاتی ہے۔

## کون درخواست دے سکتا ہے؟

**انگلینڈ میں 16 سال یا اس سے زیادہ عمر** کے درج ذیل لوگوں کے لیے اپرینٹس شپ ایک بہترین بامعاوضہ کام کرنے کا موقع ہے:

- جو اپنے کیریئر کے اوائل میں ہوں
- جو اپنی موجودہ ملازمت میں مہارت حاصل کرنا چاہتے ہوں
- جو کیریئر میں تبدیلی کی تلاش میں ہوں
- جو کل وقتی تعلیم میں نہ ہوں

اپرینٹس شپ تلاش کرنے کے حوالے سے تمام ملازمتوں https://www.gov.uk/apply-apprenticeship میں واضح طور پر بتایا جاتا ہے کہ مشتہر کردہ ملازمت کے حصول کی شرائط کیا ہے۔ صنعت، ملازمت کے کردار اور اپرینٹس شپ کی سطح کے لحاظ سے ملازمت کے حصول کی شرائط مختلف ہوں گی۔

انگریزی اور ریاضی کی کم از کم شرائط میں حالیہ تبدیلیوں کا مطلب یہ ہے کہ سیکھنے میں دشواری یا کسی معذوری کے حامل لوگ اب لیول 2 انٹرمیڈیٹ اپرینٹس شپ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے، بشرطیکہ وہ اپنی اپرینٹس شپ کے دوران اینٹری لیول 3 کی اہلیت حاصل کر سکیں۔

## اس میں کون سے لیول ہوتے ہیں؟

اپرینٹس شپ کے مختلف لیولز قابلیت کے مختلف لیولز کے مساوی ہوتے ہیں۔

اپرینٹس شپ کسی بھی سطح پر شروع ہو سکتی ہے، لیکن کچھ کی درج ذیل شرائط ہو سکتی ہیں:

- سابقہ قابلیت جیسے انگریزی یا GCSEs ریاضی
- انگریزی یا ریاضی کی اضافی تربیت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ اپرنٹیس درست لیول پر ہو

*ٹرینی شپس ایسے نوجوانوں کے لیے ایک بہترین آپشن ہے جو ابھی تک اپرینٹس شپ کے لیے تیار نہیں ہیں کیونکہ اس دوران انہیں اپرینٹس شپ حاصل کرنے اور کام کی تیاری کے لیے درکار متعلقہ مہارت اور تجربہ حاصل کرنے کا موقع میسر آ جاتا ہے۔*

اپرینٹس شپ کے لیول کے لحاظ سے قابلیت کی درج ذیل سطحوں میں سے ایک حاصل کی جائے گی:

| نام | لیول | مساوی تعلیمی درجہ |
|---|---|---|
| انٹرمیڈیٹ | 2 | 5 GCSE پاس شدہ، بمطابق4 - 9 یاA*-C |
| ایڈوانسڈ | 3 | 2 A لیول پاس/لیول 3 ڈپلومہ/انٹرنیشنل بکلوریٹ |
| ہائر | 4، 5، 6 اور 7 | فاؤنڈیشن ڈگری لیول اور زیادہ |
| ڈگری | 6 اور 7 | بیچلرز یا ماسٹرز ڈگری |

# رہنماء برائے اپرینٹس شِپس

Apprenticeships

## اپرینٹس شِپ کا معاوضہ

اپرینٹس کرنے والا شخص کیا کماتا ہے اس بات کا انحصار صنعت، مقام اور اپرینٹس شپ کی سطح پر ہوگا جسے وہ منتخب کرتے ہیں۔

اگر عمر 16 اور 18 سال کے درمیان ہو یا اپرنٹس شپ کے پہلے سال میں ہوں، تو اپرینٹس شپ کرنے والا شخص اپرینٹس ریٹ حاصل کرنے کا حقدار ہوتا ہے۔

اگر اپرینٹس شپ کرنے والے شخص کی عمر 19 سال یا اس سے زیادہ ہو اور اس نے اپرینٹس شپ کا پہلا سال مکمل کر لیا ہو، تو وہ قومی سطح کا کم از کم معاوضہ حاصل کرنے کا حقدار ہو گا۔

**یہ کم از کم ہے جو ایک اپرینٹس شپ کرنے والا شخص کما سکتا ہے؛ بہت سے آجر اپنے اپرینٹس کو مسابقتی تنخواہ بھی پیش کرتے ہیں۔**

اپرینٹس شپ کے لیے کوئی بھی سٹوڈینٹ لون یا ٹیوشن فیس نہیں ہوتی کیونکہ اس کی مالی اعانت حکومت اور آجر کی طرف سے ہوتی ہے۔

اپرینٹس شپ کرنے والے شخص کو اپنے روزمرہ کے اخراجات مثلاً دوپہر کا کھانا اور سفر کے اخراجات بھی پورے کرنے ہوتے ہیں، تاہم بہت سے آجر اس میں مدد کے لیے معقول تنخواہ پیش کرتے ہیں۔

اگر اپرینٹس کرنے والے شخص کی عمر 16 سے 24 سال ہو اور وہ نگہداشت سے نکل گیا ہو، تو وہ اپرینٹس شپ کے پہلے سال میں مدد کے لیے £1,000 برسری کی رقم بھی وصول کرے گا۔

## اپرینٹس شپ کے فوائد

اپرینٹس شپس ہر اس شخص کے لیے ایک دلکش بامعاوضہ آپشن ہے جو تجربہ حاصل کرنا، اعلیٰ مہارت حاصل کرنا یا اپنا کیریئر بدلنا چاہتا ہے کیونکہ اس میں کام کرنے اور تعلیم حاصل کرنے کے دوران اجرت حاصل کرنے کا موقع بھی ملتا ہے۔

اپرینٹس شپ مکمل کرنے کے بہت سے فوائد ہیں، جن میں درج ذیل شامل ہیں:

- تجربہ اور مہارت کا فروغ
- قومی سطح پر تسلیم شدہ قابلیت کا حصول (بغیر ٹیوشن فیس کے)
- ملازمین کے فوائد اور اجرت کا حصول
- صنعت کے پیشہ ور افراد سے سیکھنے کا موقع

## اپرینٹس شپ کیسے تلاش کی جائے

ہزاروں آجر اپرینٹس شپ کی پیشکش کرتے ہیں، بڑی کارپوریشنوں سے لے کر چھوٹے کاروباروں تک اور یہ یقینی بنانے کے لیے کیریئر کے تمام اختیارات پر غور کرنا ضروری ہے کہ اپرینٹس شپ کرنے کا فیصلہ باخبر رہ کر کیا جائے۔

اپرینٹس شپ کی تمام منظور شدہ آسامیاں گورنمنٹ سروس 'Find an apprenticeship' ('اپرنٹس شپ تلاش کریں') پر مل سکتی ہیں، https://www.findapprenticeship.service.gov.uk/apprenticeshipsearch۔

ایک اکاؤنٹ بنا کر، آپ اپنی دلچسپی کے شعبے اور مطلوبہ مقام کے مواقع سے آگاہ ہونے کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔

آپ اس ویب سائٹ کو یہ براؤز کرنے کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں کہ مختلف شعبوں میں کس قسم کی اپرنٹس شپس دستیاب ہیں۔

مزید معلومات اور معاونت ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہے: www.apprenticeships.gov.uk۔

# رہنماء برائے اپرینٹس شِپس

Apprenticeships

## درخواست کیسے دی جائے

منتخب کرنے کے لیے سینکڑوں اپرینٹس شپس موجود ہیں اور موجودہ آسامیوں کو دیکھنے کے لیے 'اپرینٹس شپ تلاش کریں' ایک بہترین ذریعہ ہے۔ سروس کا استعمال خالی آسامیوں کو محفوظ کرنے اور ان کے لیے درخواست دینے اور مخصوص شعبوں اور مقامات پر نئی آسامیوں کے لیے الرٹ بنانے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

کچھ آجر اپنی ویب سائٹ پر اپرینٹس شپ کی آسامیوں کا اشتہار بھی دیتے ہیں اور آپ ان کے لیے براہ راست درخواست دے سکتے ہیں۔

آجر عام طور پر درخواست دہندگان سے ایک کوَر لیٹر اور CV جمع کرانے کے لیے کہتے ہیں۔ نیشنل کیرئیر سروس پر CV تیار کرنے اور کوَر لیٹر لکھنے کے طریقے کے بارے میں کافی مفید معلومات موجود ہے۔

ایسے افراد جو اب بھی اپنے اختیارات پر غور کر رہے ہوں، ان کے لیے اپرینٹس شپ کے لیے درخواست دینا کافی مفید ثابت ہوتا ہے، کیونکہ وہ یونیورسٹی میں داخلہ کے دوران بھی یہ کر سکتے ہیں اور انہیں کوئی بھی فیصلہ کرنے کے لیے وقت مل سکتا ہے۔

یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ درخواست دہندگان اپنی کامیابی کے امکانات کو بڑھانے کے لیے ایک سے زیادہ اپرینٹس شپ مواقع کے لیے درخواست دیں۔

اگر درخواست کامیاب ہو جاتی ہے، تو درخواست دہندہ کو آجر کے ساتھ انٹرویو کے لیے مدعو کیا جائے گا۔ اپرینٹس شپس کے لیے انٹرویو اکثر کسی دوسری ملازمت کے انٹرویوز سے ملتے جلتے ہی ہوتے ہیں، لیکن مختلف آجروں کا طریقہ کار مختلف ہو گا۔ یہ ضروری ہے کہ درخواست دہندہ اپنی انٹرویو کی تکنیک پر عمل کرے اور اپنی کامیابی کے امکانات کو بڑھانے کے لیے پوری طرح تیار ہو۔ معلومات اور معاونت یہاں دستیاب ہے: https://www.apprenticeships.gov.uk/influencers/applying-for-an-apprenticeship.

## غیر ملازمتی تربیت کیا ہے؟

انگلینڈ میں، اپرینٹس شپ کرنے والوں کے لیے یہ ایک قانونی تقاضا ہے کہ وہ اپنے بامعاوضہ وقت کا 20% 'آف دی جاب' پر خرچ کریں۔ اس میں اپرینٹس شپ کرنے والے کو اپنی اپرنٹس شپ مکمل کرنے کے لیے درکار مہارت حاصل کرنے میں مدد دینے کے لیے ضروری تربیت شامل ہے۔

غیر ملازمتی تربیت مضامین کے ماہرین کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے اور اس میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- تدریسی تھیوری (مثلاً کلاس روم کے اسباق، لیکچرز اور آن لائن سیکھنا)
- عملی تربیت (مثلاً شیڈوئنگ، رہنمائی، صنعت کے دورے)
- سیکھنے میں مدد اور اسائنمنٹس لکھنے کا وقت

تربیت کام کے ماحول میں یا باہر بھی ہو سکتی ہے۔ کچھ آجر اپنے دفتر یا شعبے کے اندر تربیت فراہم کریں گے، جبکہ بعض انہیں تربیت فراہم کرنے کے لیے کالجوں، یونیورسٹیوں اور تربیت فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر بھی کام کر سکتے ہیں۔

تربیت کو اپرینٹس شپ کی مدت کے لیے مجموعی طور پر طے شدہ گھنٹوں کے 20% حصہ کے برابر ہونا چاہیے۔ یہ ایک لچکدار طریقے سے فراہم کی جا سکتی ہے مثلاً ہر دن کے حصے کے طور پر، ہفتے میں ایک بار، یا بلاک ریلیز کے طور پر۔

آجر اور تربیت فراہم کرنے والے ایک موزوں ترین ماڈل کا فیصلہ کریں گے۔

## اپرینٹس شپ کرنے والا ایک شخص فی ہفتہ کتنے گھنٹے کام کرے گا؟

ہر اپرینٹس شپ کی کم از کم مدت ہفتے میں 30 گھنٹے یا اس سے زیادہ بھی ہو سکتی ہے، جس میں آپ کی حاصل کی جانے والی کوئی بھی غیر ملازمتی تربیت بھی شامل ہے۔

تاہم، یہ ہر حالت میں لاگو نہیں ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر، دیکھ بھال کی ذمہ داریوں کے حامل افراد یا کسی معذوری کے حامل لوگ ہفتہ وار گھنٹوں لو کم کر کے بھی کام کر سکتے ہیں۔ جہاں ایسی صورت حال ہو، اس کمی کو پورا کرنے کے لیے اپرینٹس شپ کی مدت میں توسیع کی جائے گی۔

# رہنماء برائے اپرینٹس شِپس

Apprenticeships

غیر ملازمتی تربیت پر خرچ ہونے والا وقت کم از کم 20% ہونا چاہیے اور اسے کام کے اوقات کے حصے کے طور پر شامل کیا جانا چاہیے۔
آجر کو انگریزی اور ریاضی کے علاوہ اپنے کام کے معمول کے اوقات کے دوران اپرینٹس شپ مکمل کرنے کے لیے وقت دینا چاہیے۔